پریس ریلیز

گوجرانوالہ 19 مئی 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر شیخ فیصل ایوب نے گفٹ یونیورسٹی میں منعقدہ خوتین کی اہمیت، ان کے حقوق اور تحفظ کے موضوع پر پینل ڈسکشن میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں بے شمار مذاہب موجود ہیں لیکن عورت کو جو عزت واحترام اور مقام اسلام نے دیا ہے ایسی مثال کسی دوسرے مذاہب میں نہیں ملتی۔اسلام نے خواتین کے حقوق متعین کر دیئے ان کا وراثت میں حصہ بھی رکھا۔اس میں کوئی شک نہیں آج کے اس جدید دور میں گھریلو اور ورکنگ وومن کو معاشرہ انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جس میں تعلیم کا نہایت اہم کردار بھی ہے۔بدقسمتی سے آج بھی پاکستان میں ایسے بے شمار علاقے موجود ہیں جہاں تعلیم کا فقدان ہے اور عورتوں کو وہ مقام نہیں میسر جو ان کا حق ہے۔ہمیں ان علاقوں کو فوکس کر کے وہاں جدید تعلیمی سہولیات بہم پہنچانی چاہیئے تا کہ ان علاقوں کو تعلیم کے حصول کے ذریعے عورتوں کے مقام کا علم ہو سکے۔جہاں تک ورکنگ وومن کے مسائل کا تعلق ہے جن اداروں میں ورکنگ وومن ہیں ان کے حقوق کیلئے لاء اینڈ رز موجود ہیں اگر کسی ادارے میں ورکنگ وومن کو کوئی مسئلہ درپیش ہے قانون انہیں تحفظ فراہم کرتا ہے۔البتہ اس لاء کے متعلق اسطرح کے معلوماتی سیشن کا انعقاد کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے تا کہ ورکنگ وومن کو بہتر طریقے سے اپنے تحفظ کے قانون کے متعلق آگاہی حاصل ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ گفٹ یونیورسٹی کا یہ بہت اچھا اقدام ہے کہ انہوں نے خوتین کی اہمیت، ان کے حقوق اور تحفظ کے موضوع پر پینل ڈسکشن کا نہ صرف اہتمام کیا بلکہ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات کو مدعو کیا اور ان کے رائے لی۔